PR NO 32

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں سیرت النبی ﷺ پر تقریری و نعت مقابلہ

انسانیت کی کامیابی اسوہءحسنہ کو اپنانے میں ہے۔ڈاکٹر آصف محمود جاہ

اسلام آباد(   )وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے کہا ہے کہ انسانیت کی کامیابی رسول اللہ ﷺ کے اسوہءحسنہ کو اپنانے میں ہے۔ آپ ﷺ نے زندگی کے ہر شعبہ میں انسانیت کی راہنمائی فرمائی ہے، انہوں نے کہا کہ رسول اکرم ﷺ کی تعلیمات سے پتہ چلتا ہے کہ کسی انسان کے کام آنا بہت بڑی نیکی ہے۔وہ گزشتہ روز وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں سیرت النبی ﷺ کے حوالے سے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ نبی اکرم ﷺ نے ہمیں زندگی کے تمام شعبوں میں راہنمائی فراہم کی ہے۔انہوں نے کہا کہ محتسب کے اداروں میں غریب لوگ اپنے مسائل لے کر آتے ہیں، ان کے کام آنا اوران کے ساتھ چند قدم چلنا بہت بڑی نیکی ہے۔تقریب میں سیرت النبی ﷺ کے موضوع پر تقریری اور نعت مقابلہ بھی کروایا گیا۔جس میں اول، دوئم اور سوئم آنے والوں کو بعد ازاں وفاقی ٹیکس محتسب میں ایک تقریب کے دوران مذہبی امور و بین المالک ہم آہنگی کے نگران وفاقی وزیر انیق احمد کے ہاتھوں انعامات اور تعریفی اسناد پیش کی گئیں۔تقریری و نعت مقابلہ میں زہرا ابراہیم، عطاءاللہ توحیدی، خالد سیال، وقاص شاہ، مزمل سعید اور ممتاز احمد نے انعامات حاصل کئے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

02اکتوبر2023ء